FACTSHEET

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

Student use of mobile phones in schools

Information for parents and carers

سکول میں طالبعلموں کا موبائل فون استعمال کرنا

والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

اب ہائی سکولوں میں موبائل فون پر پابندی ہے

ہائی سکولوں میں موبائل فون پر پابندی اسی پابندی کی توسیع ہے جو NSW کے پبلک پرائمری سکولوں میں پہلے سے عائد ہے۔

یہ پابندی کلاس کے دوران، اور ریسیس اور لنچ بریک کے دوران واجب ہے۔ طالبعلموں کو سکول آتے ہوئے اور سکول سے واپس جاتے ہوئے فون رکھنے کی اجازت ہے۔

پرنسپل اور اساتذہ تعلیمی مقاصد کے لیے یا طالبعلم کی تعلیم اور بہبود میں معقول ایڈجسٹمنٹ کی خاطر بھی موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں۔

پابندی متعارف کروانے میں مدد کی خاطر NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن نے سکولوں سے کہا تھا کہ وہ مقامی کمیونٹیوں سے نفاذ کے کئی مختلف طریقوں کے متعلق مشورہ کریں۔

ان مختلف طریقوں میں یہ شامل تھے:

آف اور الگ: فون کو آف کر کے الگ رکھا جائے (عام طور پر طالبعلم کے سکول بیگ میں)۔ سکول کے پورے دن میں فون کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

فون لاکر میں: طالبعلم اپنے ساتھ فون نہیں رکھیں گے؛ سکول کے پورے دن میں فون کو لاکر میں رکھنا ضروری ہے۔

لاک کیا ہوا فون پاؤچ: طالبعلم اپنے فون کو مقناطیسی طریقے سے لاک ہونے والے پاؤچ میں رکھیں گے اور وہ سکول کے پورے دن میں اپنا فون استعمال نہیں کر سکیں گے۔ چھٹی کے وقت پاؤچ کا لاک مقناطیسی طریقے سے کھل جائے گا۔

فرنٹ آفس میں فون رکھوائیں: طالبعلم سکول کا دن شروع ہونے پر اپنا فون سکول کے فرنٹ آفس میں دیں اور چھٹی کے وقت (یا جب وہ سکول سے جا رہے ہوں تو) واپس لے لیں۔

کلاس کے آغاز میں فون رکھوا دیں: کلاس کے آغاز میں استاد سب کے فون لے کر انہیں اپنے پاس رکھ لے اور کلاس ختم ہونے اور/یا طالبعلم کے کلاس روم سے نکلنے کے وقت فون واپس دے دے۔

ہر سکول کمیونٹی نے فیصلہ کیا کہ وہ پالیسی کے نفاذ کا کونسا طریقہ اختیار کریں گے۔

سکول کے اوقات میں طالبعلموں کا اپنے والدین اور سنبھالنے والوں سے رابطہ

کبھی کبھار ممکن ہے کہ والدین یا سنبھالنے والوں کو طالبعلموں سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو یا طالبعلموں کو ان سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو۔ والدین اور سنبھالنے والے سکول آفس کے ذریعے سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں اور طالبعلم بھی اشّد ضرورت ہونے پر سکول آفس کے ذریعے والدین یا سنبھالنے والوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو کال کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور ان سے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

NSW GOVERNMENT